سوال

(306) وسیلہ کسے کہتے ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وسیلہ کسے کہتے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وسیلہ کا مطلب ہے مطلوب تک تقرب حاصل کرنا اور رغبت کے ساتھ اس تک پہنچنا۔ (النہایة)

اور وسیلہ کا ایک معنی اور بھی ہے اور وہ ہے بادشاہ کے پاس مرتبہ اور درجہ اور قربت جیسا کہ حدیث میں اس کو جنت کا سب سے اعلیٰ مقام کہا گیا ہے۔ (1)

امام ابن جریر رحمۃ اللہ علیہ «وَابْتَغُوا إِلَيْهِ الْوَسِيلَةَ» کی تفسیر میں رقم طراز ہیں:

''اطلبوا القربة الیہ بالعمل بما یرضیہ''

یعنی ''اللہ کی طرف سے اس عمل کے ذریعے قربت حاصل کرو جس کو پسند کرتا ہے۔''

شریعت میں وسیلہ کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کرنا اس کی اطاعت وعبادت اور اس کے انبیاء ورسل کی اتباع کرکے اور ہر اس عمل کے زریعہ جس کو اللہ پسند کرے اور خوش ہو۔

1۔ صحیح البخاري کتاب الرقاق باب صفة الجنة (ح:6500)، (2809)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص597

محدث فتویٰ